3rd India-New Zealand Foreign Office Consultations

May 25, 2021

ہندوستان - نیوزی لینڈ کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق تیسری مشاورت

25 مئی، 2021

1۔ ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق تیسری مشاورت کو 25 مئی 2021 کو ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا۔ سکریٹری (مشرق) محترمہ ریوا گنگولی داس نے ہندوستانی وفد کی قیادت کی جبکہ نیوزی لینڈ کے وفد کی قیادت وزارت برائے امور خارجہ اور تجارت میں امریکہ اور ایشیاء گروپ کے ڈپٹی سکریٹری جناب مارک سنکلیئر نے کی۔ مشاورت کا پچھلا دور 5 فروری 2019 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا تھا۔

2۔ جاری دو طرفہ تعاون کا جامع جائزہ لیتے ہوئے، دونوں فریقین نے دفاع اور سلامتی، تجارت اور سرمایہ کاری، خلا، انسداد دہشت گردی، سائبر سیکیورٹی، تخفیف اسلحہ اور موسمیاتی تبدیلیوں اور عوام سے عوام کے مابین تعلقات کو مضبوط بنانے سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کی گہرائی اور رفتار کو بڑھانے کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔

3۔ کووڈ-19 وبائی مرض کے خلاف رسپانس پر بات چیت کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر کووڈ روکنے کے لئے ویکسین اور دوائیوں تک رسائی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

4۔ دونوں فریقین نے مختلف علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے قواعد پر مبنی بین الاقوامی آرڈر اور آزاد، کھلی اور جامع ہند بحر الکاہل خطے کے لئے قریبی تعاون کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کثیر الجہتی اور علاقائی فورم میں کوورڈنیشن کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

5۔ یہ مشورے دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں منعقد کئے گئے۔ دونوں فریقین نے باہمی سہولت کے مطابق متعینہ تاریخ پر اگلی مشاورت کو منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

25 مئی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.